سبق-18

4205CH18

مُرغا اور لومڑی

کِسی درخت کی اُونچی شاخ پر ایک مُرغا بیٹھا ہُوا ککڑو کُوں ککڑو کُوں کر رہا تھا۔ اِتّفاق سے ایک لومڑی درخت کے پاس سے گُزری اور ککڑو کُوں کی آواز سُن کر اوُپر دیکھنے لگی۔

درخت پر موٹا تازہ مُرغا نظر آیا تو لومڑی کے مُنھ میں پانی بھر آیا۔ سوچنے لگی۔ ''شکار تو بہت اچھّا ہے مگر اِسے نیچے بُلانے کی کیا ترکیب کی جائے؟''

تھوڑی دیر سوچ کر مُرغے سے بولی۔ ''کہو میاں مُرغے! اچھّے تو ہو؟''

مُرغے نے جواب دیا'' مہربانی ہے۔ سُناؤ تُمھارا مِزاج کیسا ہے؟''

لومڑی نے مُسکرا کر جواب دیا ’’تُمھاری دُعا سے ہر طرح کا آرام ہے۔ ہاں لو میں تو بھوُل ہی گئی تھی۔ میں نے آج ایک بہُت اچھّی خبر سُنی ہے۔ کیا تُمھیں کُچھ معلُوم ہے؟‘‘

مُرغا بولا ’’کیسی خبر؟ مُجھے تو کُچھ معلُوم نہیں۔‘‘

لومڑی نے کہا ’’تُم نے ابھی تک یہ خبر نہیں سُنی؟ جنگل کے سبھی جانوروں نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ آپس میں مِل جُل کر رہا کریں گے۔ اس لیے اب تُمھیں مُجھ سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ آؤ اِس درخت کی ٹھنڈی چھاؤں میں بیٹھ کر کچھ دیر باتیں کریں۔‘‘

مُرغا ہنس کر بولا ’’خبر تو بہت اچھّی ہے مگر وہ دیکھو سامنے کون آرہا ہے؟‘‘

لومڑی نے گھبرا کر پوچھا ''کون ہے؟''

مُرغے نے کہا ''وہ شِکاری کُتّے ہیں۔ اچھّا ہوا یہ بھی آ گئے۔ اب سب مل کر باتیں کریں گے۔''

لومڑی شِکاری کُتّوں کا نام سُن کر بہت سٹپٹائی اور ایک طرف بھاگنے لگی۔

مُرغا ہنس کر بولا : ''بی لومڑی! بھاگنے کیوں لگیں؟ آخر ایسی بھی کیا جلدی ہے؟ ذرا دیر ٹھہرو۔ میں نیچے آتا ہوں۔ لو وہ کُتّے بھی آ گئے۔ اب ہمیں ایک دُوسرے سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔آؤ بیٹھ کر باتیں کریں؟''

لومڑی نے کہا۔ ''نہیں نہیں۔ ہوسکتا ہے اِن کُتّوں نے بھی تُمھاری طرح یہ خبر نہ سُنی ہو۔ اچھّا، میں پھر کِسی وقت آؤں گی۔ خدا حافِظ۔''

یہ کہہ کر لومڑی یہ جا، وہ جا۔

مشق

درخت	:	پیڑ
شاخ	:	ٹہنی
ترکیب	:	طریقہ
سٹپٹانا	:	گھبرانا، پریشان ہونا

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. مُرغا کہاں بیٹھا تھا ؟
2. درخت کے پاس سے کون گزرا؟
3. لومڑی کے منھ میں پانی کیوں بھر آیا؟
4. لومڑی نے مُرغے کو کیا خبر سنائی ؟
5. مُرغے نے لومڑی کو کیسے ڈرایا؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

1. درخت ______ ایک موٹا تازہ مُرغا نظر آیا۔
2. مگر اسے نیچے بلانے ______ کیا ترکیب کی جائے۔
3. وہ تھوڑی دیر سوچ کر مُرغے ______ بولی۔
4. مُرغے ______ جواب دیا۔
5. اب سب مل ______ باتیں کریں گے۔

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. کون =
2. خبر =
3. مُرغا =
4. لومڑی =
5. ضرورت =

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

ب	الف
غڑغوں	
ککڑوں کوں	
ٹیں ٹیں ٹیں	
کاؤں کاؤں	
کُو کُو کُو	
چیں چیں	

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'وں' ملا کر لکھیے۔

مثال : ضرورت = ضرورتوں

درخت	=	________	آواز	=	________
بندر	=	________	بات	=	________
شاخ	=	________	جنگل	=	________

حروف کو ملا کر لفظ بنایئے۔

1. ش ا خ = ...
2. د ر خ ت = ...
3. ش ک ا ر = ...
4. ف ے ص ل ہ = ...
5. ت ر ک ی ب = ...

خوش خط لکھیے۔

نظر	_____ _____ _____ _____ _____
خبر	_____ _____ _____ _____ _____
مزاج	_____ _____ _____ _____ _____
شکاری	_____ _____ _____ _____ _____
اتّفاق	_____ _____ _____ _____ _____

آپ کو جو کہانی یاد ہو اسے اپنے ساتھیوں کو سنائیے۔